# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

(شعبہ قرآن و تفسیر)

## وارننگ

**عزیز طلبہ!**

آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام: قرآنی عربی۔** (1952) سمسٹر: خزاں **2026ء**

**سطح:** بی۔ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ سکیں جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 (یونٹ نمبر: 1 تا 5) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ اسم کی تعریف اور علامات تحریر کیجیے اور اسم کی عربی مثالیں مع اردو یا انگریزی ترجمہ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ جملہ فعلیہ کی تعریف اور اس کے اجزاء اور قواعد تحریر کیجیے اور جملہ فعلیہ کی پانچ عربی مثالیں اردو یا انگریزی ترجمے کے ساتھ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مرکب عددی کا مفہوم، اجزاء اور اصول مع عربی امثلہ لکھیے اور مثالوں کا انگریزی میں ترجمہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ واحد، تثنیہ اور جمع کی تعریف لکھیے اور مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی تثنیہ اور جمع مع اردو یا انگریزی ترجمے تحریر کیجیے۔ (20)

كِتَابٌ، سَاعَةٌ، اِمْرَأَةٌ، بَيْتٌ، طَالِبٌ، صَالِحٌ، مُسْلِمٌ، سَارِقَةٌ، عَيْنٌ، مَدِينَةٌ

سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل قرآنی سوالیہ جملوں کا اردو یا انگریزی میں ترجمہ کیجیے۔ (20)

1. وقال الإنسان مالها؟ 2. أين المفرّ؟ 3. متى نصر الله؟ 4. كيف فعل ربك؟ 5. كم أهلكنا؟ 6. أنّٰى لكِ هذا. 7. ماذا تعبدون؟ 8. أأنتم أشدّ خلقاً؟ 9. هل من مزيد؟ 10. اَوَ لَمْ تُؤْمِنْ ؟

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 (یونٹ: 6 تا 9) کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ "نصر ينصر" سے فعل مضارع مجہول کی گردان اردو یا انگریزی ترجمے کے ساتھ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ فعل نہی کی تعریف کیجیے اور ''قتل يقتل'' سے فعل نہی کی گردان اردو یا انگریزی ترجمے کے ساتھ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حروف جارہ کا مفہوم اور امثلہ مع اردو یا انگریزی ترجمہ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ فعل ماضی قریب کی تعریف کرتے ہوئے "النصر" مصدر سے فعل ماضی قریب کی گردان اردو یا انگریزی ترجمہ کے ساتھ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل جملوں کا انگریزی میں ترجمہ کیجیے۔ (20)

1. وَجَاءَ مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ 2. إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ.3. وَابْتَغُواْ مِن فَضْلِ ٱللَّهِ 4.رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا .5. وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ.6. إِنَّا أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ الْقَدْرِ 7.أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ8. يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ 9. إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا. 10 . وَإِن كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ.